جناب شفیق الدین فاروقی

دارالعلوم کے شب و روز

حضرت مہتمم صاحب کی تحفظ مدارس دینیہ کے لئے کوششیں: 17 جولائی کو حضرت مولانا سمیع الحق صاحب' مہتمم دارالعلوم حقانیہ نے حکومت کے جاری کردہ مدارس آرڈیننس کے سلسلہ میں ملتان میں وفاق المدارس العربیہ کے سلسلہ میں بلائے گئے اہم اجلاس میں ارباب وفاق المدارس کی خصوصی دعوت پر شرکت کی اور اجلاس میں اس سلسلہ میں اہم تجاویز پیش کیے۔ جس کے مطابق ملک بھر میں اتحاد تنظیمات مدارس کے زیر اہتمام کنونشنوں کا آغاز ہوا 24 جولائی کو اس سلسلہ میں جامعہ فریدیہ میں پہلا عظیم الشان کنونشن ہوا جس سے مولانا نے ولولہ انگیز خطاب کیا جناب نائب مہتمم مولانا انوار الحق صاحب بھی ان دونوں پروگراموں میں شریک ہوئے۔ 31 جولائی کو حضرت مہتمم صاحب نے جامعہ بنوری ٹاؤن کراچی میں تحفظ مدارس دینیہ کے بڑے کنونشن میں شرکت کی اور خطاب فرمایا۔

صدر پاکستان سے ملاقات میں مدارس آرڈیننس پر احتجاج: حضرت مہتمم صاحب نے 22 جولائی کو متحدہ مجلس عمل کے مرکزی رہنماؤں کے ساتھ صدر پاکستان جناب جنرل پرویز مشرف سے ملاقات کی ڈیڑھ دو گھنٹے کی اس ملاقات میں مولانا سمیع الحق نے 11 ستمبر کے بعد کے تناظر میں صدر پاکستان کی افغان پالیسی طالبان کے سقوط کے بعض پہلوؤں پر شدید جذباتی انداز میں اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ مدارس عربیہ کے آرڈیننس کے سلسلہ میں بھی حضرت مہتمم صاحب نے صدر پاکستان کو ملک بھر کے دینی مدارس کی تشویش سے آگاہ کیا اور انہیں اس آرڈیننس کے علاوہ وفاقوں کے مشترکہ تنظیم کے سربراہوں سے براہ راست مذاکرات کا مطالبہ کیا۔

صدر وفاق المدارس کی آمد: صدر وفاق المدارس شیخ الحدیث مولانا سلیم اللہ خان صاحب مدظلہ' دارالعلوم تشریف لائے انہوں نے ایوان شریعت ہال میں طلبہ سے خطاب فرمایا۔ وفاق کے سیکرٹری' نائب مہتمم مولانا انوار الحق صاحب سے ملاقات میں مدارس کو درپیش صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ ۲۳ جولائی کو وفاق المدارس کے جنرل سیکرٹری مولانا محمد حنیف صاحب جالندھری بھی تشریف لائے اور وفاق کے سیکرٹری مولانا انوار الحق کی معیت میں پشاور میں مجلس عمل کے علماء اور مشائخ کے کنونشن میں شرکت کی دونوں حضرات نے اس اجتماع میں مدارس کا موقف پیش کیا۔

ششماہی امتحانات جمادی الاول کے پہلے ہفتہ میں میں دارالعلوم کے ششماہی امتحانات ہوئے جو حسب معمولی نہایت اہتمام اور نظم وضبط سے مکمل ہوئے۔